F.6-4 (Edit)/2024 NCPUL Press Release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Education, Department of Higher Education

Government of India

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:29/06/2024

قومی اردو کونسل میں ’نئے تین فوجداری قوانین‘ پر خصوصی خطبہ

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے صدر دفتر جسولہ، نئی دہلی میں نئے تین فوجداری قوانین کے تعلق سے واقفیت اور بیداری پیدا کرنے کے مقصد سے ایک خصوصی خطبے کا اہتمام کیا گیا، اس اہم موضوع پر ماہر قانون خواجہ عبدالمنتقم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان قوانین کو جاننا ہر شہری کے لیے ضروری ہے، انھوں نے مزید کہا کہ بھارتیہ نیائے سنہتا، بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا اور بھارتیہ ساکشیہ ادھینیئم جو آج سے نافذ العمل ہوگئے ہیں وہ دراصل مجموعہ تعزیرات بھارت، مجموعہ ضابطہ فوجداری اور قانون شہادت کا نقش ثانی ہیں۔ بھارتیہ نیائے سنہتا 2023 کا پہلے نام انڈین پینل کوڈ، بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا 2023 کا کوڈ آف کریمنل پروسیجر اور بھارتیہ ساکشیہ سنہتا 2023 کا نام انڈین ایویڈنس ایکٹ تھا۔ انھوں نے کہا کہ قانون شہادت (انڈین ایویڈنس ایکٹ) کا اطلاق محض فوجداری نہیں بلکہ سول اور فوجداری دونوں معاملات میں ہوتا ہے۔خواجہ عبدالمنتقم نے سامعین کو ان تینوں نئے قوانین کی اہم دفعات کے نفس موضوع سے باور کرایا۔اس موقعے پر انھوں نے سامعین کے سوالات کا تشفی بخش جواب بھی دیا۔ان تینوں قوانین کے متعلق موجودہ چیف جسٹس کا کہنا ہے کہ یہ قوانین ہمارے سماج کے لیے Watershed Moment ہیں اور ان قوانین کے نفاذ سے ہمارے فوجداری نظام میں بہتری آئے گی۔خواجہ عبدالمنتقم نے اپنے خطاب میں یہ بھی کہا کہ آئی پی سی میں 511 دفعات تھیں، نئی سنہتا میں 356 دفعات ہیں، ان میں 175 دفعات پرانی آئی پی سی سے لی گئی ہیں مگر کچھ تبدیلیوں کے ساتھ کچھ دفعات کو حذف کردیا گیا ہے اور آٹھ نئی دفعات بھی شامل کی گئی ہیں۔

قبل ازاں پروگرام کا آغاز قومی اردو کونسل کی اسسٹنٹ ڈائرکٹر (اکیڈمک) ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی کے تعارفی کلمات سے ہوا۔انھوں نے اس موقعے پر مشہور قانون داں خواجہ عبدالمنتقم اور تین نئے قوانین کا تعارف پیش کیا۔اس موقعے پر قومی اردو کونسل کے اسسٹنٹ ڈائرکٹر (ایڈمن) جناب محمد احمد، ریسرچ آفیسر جناب شاہنواز محمد خرم، ریسرچ آفیسر، جناب انتخاب احمد، ریسرچ آفیسر ڈاکٹر مسرت اور محترمہ ذیشان کے علاوہ کونسل کے تمام اسٹاف اراکین تھے۔

(رابطہ عامہ سیل)